اللہ تعالیٰ حافظ سید فضل الرحمٰن سلمہ اللہ تعالیٰ کے مراتب بلند کرے، ان کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور اسے ملت کے لئے سود مند بنائے۔ آمین۔

نام کتاب "سائنسی انکشافات، قرآن وحدیث کی روشنی میں"

مؤلف: مولاناڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری

صفحات : ۲۷۲،

ناشر: دارالاشاعت، اردو بازار کراچی،

تبصرہ نگار: سید عزیزالرحمٰن

جناب ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری، معروف اہل قلم، محقق اور کئی ایک کتب کے مؤلف ہیں، اور کراچی سے نکلنے والے ایک علمی ماہنامے "تعمیر افکار" کے مدیر بھی ہیں، ان کی شائع شدہ اہم کتب میں، پیارے نبی کی پیاری صاحبزادیاں، ازواجِ مطہرات، اور قرآن سائنس اور تہذیب وتمدن شامل ہیں، ان میں سے مؤخر الذکر کتاب اہلِ علم سے کافی داد وتحسین وصول کرچکی ہے۔

زیر نظر کتاب بھی اسلام اور سائنس ہی کے موضوع پر ہے اور ایک اہم کاوش ہے، اس کتاب کے مندرجات یہ ہیں!

باب ۱۔ انسانی جنین کی تشکیل اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۲۔ پہاڑ، اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۳۔ فلکیات اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۴۔ انسانی دماغ، اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۵۔ سمندر، دریا اور لہریں اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۶۔ بادل اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۷۔ انسانی جلد کی حسی خصوصیات، اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۸۔ مہلک بیماریوں کا تذکرہ اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۹۔ شراب کے نقصانات اور اس کا ارتقا، قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس کی روشنی میں۔

باب ۱۰۔ قرآن مجید اور احادیث نبوی کے سائنسی معجزات کے بارے میں چند سائنس دانوں کی آرا،

باب ۱۱۔ قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور جدید سائنس، خلاصۂ بحث،

کتاب کا اسلوب جاندار مگر عام فہم ہے، اس لئے قدر خشک موضوع ہونے کے باوجود قاری کی دلچسپی کتاب کے ساتھ آخر تک برقرار رہتی ہے اور وہ اجنبیت محسوس نہیں کرتا، نیز مواد پیش کرنے میں بھی سلیقے سے کام لیا گیا ہے اور کتاب کی ترتیب عمدہ ہے، کتاب میں پیش کیا جانے والا مواد بھی کافی قیمتی ہے اور کتاب کے آخر میں درج انگریزی اور عربی کتابیات سے فاضل مؤلف کی محنت کا بھی اندازہ ہوتا ہے اور وسعتِ مطالعہ کا بھی۔

اسلام اور سائنس کے موضوع پر حالیہ برسوں میں کافی کتابیں سامنے آئی ہیں، اور اس موضوع کے ساتھ خصوصی دلچسپی میں بھی اضافہ نوٹ کیا گیا ہے، ان حالات میں یہ کتاب ان شاءاللہ العزیز اچھا تاثر چھوڑے گی اور نمایاں محسوس ہوگی۔

بعض مقامات پر حوالہ جات کی کمی کھٹکتی ہے، بعض حوالے عبارت کے درمیان میں آئے ہیں، جن سے کتاب کی یکسانیت متاثر ہوتی ہے، امید ہے ان امور کا آئندہ ایڈیشن میں خیال رکھا جائے گا۔ کتابت وطباعت اچھی، سرورق عمدہ اور کاغذ رجحان کے مطابق ہے۔